تصوف، ایک تحقیقی مطالعہ، مؤلف: محمد صدیق مغل۔ ناشر: دارالتقویٰ کراچی۔ ملنے کا پتا: علمی کتاب گھر، مین اُردو بازار، کراچی۔ صفحات: ۳۰۲۔ قیمت: ۱۸۰ روپے۔

تصوف مذہبی و فلسفیانہ فکر کا ایک ایسا موضوع ہے جس پر صدیوں سے بہت کچھ لکھا جا رہا ہے اور ہنوز اس کا سلسلہ جاری ہے۔ تصوف کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے: اسلامی اور غیر اسلامی یا حقیقی اور غیر حقیقی تصوف۔ اس کے برعکس مؤلف اس تیسرے نظریے کے حامی اور مؤید نظر آتے ہیں جس کی رو سے تصوف سراسر غیر اسلامی اور دین اسلام کے متوازی ایک دین ہے۔ انھوں نے بحث و نظر سے کام لیتے ہوئے یہ ثابت کیا ہے کہ مروجہ تصوف کے فلسفیانہ مباحث یونانی، اشراقی اور ویدانتی فلسفوں سے ماخوذ و مستنبط، اس کے مذہبی و دینیاتی افکار کا سرچشمہ شیعیت اور باطنیت اور اس کے اعمال و مجاہدات مسیحی رہبانیت کا چربہ ہیں۔

کتاب میں نظریۂ وحدت الوجود اور برعظیم پاک و ہند میں اسلام کی اشاعت کیا صوفیا کی تبلیغ و سعی کی رہینِ منت ہے؟ ان دو موضوعات پر بڑی جان دار اور مدلل اور سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ کتاب اگرچہ اہم اور مدلل مباحث پر مبنی ہے لیکن پوری کتاب کے موضوعات و مباحث میں ایک عمدہ تصنیف و تالیف کا منطقی و معنوی ربط و تسلسل مفقود ہے جس سے یہ کتاب ایک مربوط بحث اور سلسلۂ کلام کے بجائے منتشر و متفرق افکار و مسائل کا ایک مجموعہ نظر آتی ہے۔ کتاب کا معیار طباعت و اشاعت گوارا ہے۔ (سمیع اللہ بٹ)

تعارف کتب

◉ **تحریک آزادی میں اُردو کا حصہ**، ڈاکٹر معین الدین عقیل۔ مجلس ترقی ادب، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۸۲۲۔ قیمت: ۴۵۰ روپے۔ [ڈاکٹر معین الدین کا یہ تحقیقی مقالہ ۳۵ سال بعد دوبارہ اب مجلس ترقی ادب لاہور نے بہ سلسلہ ۱۵۰ سالہ تقریبات جنگ آزادی ۱۸۵۷ء شائع کیا ہے۔ یہ ایک غیر معمولی تحقیقی کاوش ہے جس سے مصنف نے تحقیق کے میدان میں اپنی آمد کا اعلان کیا۔ تحریک آزادی اور اُردو جس کا موضوع ہے، وہ اس کتاب سے بے نیاز نہیں رہ سکتا ہے۔]

◉ **محرابِ توحید**، امین راحت چغتائی۔ ناشر: بک سینٹر، ۳۲-حیدر روڈ، راولپنڈی کینٹ۔ صفحات: ۳۱۶۔ قیمت: ۳۰۰ روپے۔ [بلند پایہ نعتیہ کلام، حمد باری تعالیٰ میں پانچ نظمیں، بعدہٗ ۷۰ نعتیں شامل کتاب ہیں۔ ثنائے خواجہ میں مبالغے سے پرہیز، عمدہ تشبیہات و تلمیحات، صفت گری ایسی کہ گویا موتی پرو دیے گئے ہیں۔ اُردو